سوال

(96)قربانی کے جانور گائے وغیرہ میں عقیقہ کا حصہ رکھنا جائز ہے یا نہیں ؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

قربانی کے جانور گائے وغیرہ میں عقیقہ کا حصہ رکھنا جائز ہے یا نہیں۔ عقیقہ میں جانور کی عمر کا لحاظ ہے یا نہیں۔ ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

قربانی کے جانور میں عقیقہ کا حصہ رکھنا صحیح حدیث سے ثابت نہیں۔ مگر قیاس سے جواز ثابت ہے۔ حدیث عمر کی تصریح میں آیا ہے۔ صرف عقیقہ میں **شاتان مکافتان** کا لفظ آیا۔ جس سے بعض علماء یہ معنی اخذ کرتے ہیں۔ کہ عقیقہ کے جانور قربانی کے برابر ہونے چاہییں۔ احتیاط اسی میں ہے کہ عقیقہ میں بھی قربانی کے شرائط ملحوظ رکھے جانے ہیں۔

(حافظ محمد گوندلوی گوجرانوالہ الاعتصام لاہور جلد 20 ش 33-34)

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

[فتاویٰ علمائے حدیث]

جلد 13 ص 196

محدث فتویٰ